# دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر ٹرمینل کیپیٹل میٹرو پولیٹن گورنمنٹ پشاور

## شرائط نیلامی

برائے ٹھیکہ جنرل بس ٹرمینل، پشاور

میعاد ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027

1) یہ کہ ٹھیکہ کی معیاد ایک سال از یکم جولائی 2026ء سے شروع ہو کر 30 جون 2027ء تک ہوگی۔

2) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے کل زرنیلام/ٹھیکہ کا گیارہ (11) مساوی اقساط میں ہر ماہ کی آخری تاریخ کو جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ اور اگر مقررہ تاریخ تک قسط جمع نہ کی تو کامیاب بولی دہندہ دو فیصد (2%) یومیہ جرمانے (Surcharge) کے حساب سے قسط جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ لیکن جرمانہ کے ساتھ رقم جمع کرنے کی معیاد دس (10) یوم سے زیادہ نہ ہوگی بصورت دیگر شرائط کے مطابق ٹھیکہ منسوخ کر کے زرضمانت ضبط کر دی جائے گی تاہم کامیاب بولی دہندہ کا (Grace Period) دیا جائے گا اور بینک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ کی ٹرانزیکشن (Transaction) میں سہولت دی جائیگی کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ کے علاوہ چیک قابل قبول نہ ہوگا۔

3) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کل رقم ٹھیکہ کی پندرہ فیصد (15%) زرپیشگی اور پانچ فیصد (5%) زرضمانت داخل شدہ خزانہ کیپیٹل میٹرو پولیٹن گورنمنٹ، پشاور پندرہ فیصد (15%) زرپیشگی کی مجرائی ٹھیکہ کی آخری قسط میں کی جائیگی اور پانچ فیصد (5%) زرضمانت بعد از حساب و کتاب واپس کی جائیگی۔

4) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ انکم ٹیکس شق نمبر A-236 فنانس آرڈیننس 2018ء ریجنل ٹیکس آفس پشاور جاری کردہ انگریزی چھٹی نمبر ACIR(Unit-48/WHZ/2018-2019/33 تاریخ 10.07.2018 کے مطابق حکومت کی طرف سے لاگو شدہ پندرہ فیصد 15% (Non-Filler) اور 10% (Filler) کے حساب سے انکم ٹیکس بولی کی کل زرنیلام رقم کے علاوہ علیحدہ سے ادا کرنے کا پابند ہوگا اور اگر صوبائی یا مرکزی حکومت کی طرف سے ٹھیکہ جات پر مزید کوئی بھی ٹیکس لاگو کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی شرح کے مطابق ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ ماہانہ قسط کے ساتھ حکومت کا لاگو شدہ انکم ٹیکس ہر مہینے اقساط کی شکل میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

5) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کے انتظامات کا مجاز حکام / آفیسر معائنہ کرے گا اور اگر بعد از معائنہ کوئی غلطی پائی گئی تو اس کو فوری طور پر دور کرنا کامیاب بولی دہندہ کا فرائض منصبی ہوگا جہاں کہیں کامیاب بولی دہندہ کو انتظامیہ کی حتمی امداد کی ضرورت ہو تو مجاز آفسر / اتھارٹی قانون کے مطابق کے اندر رہتے ہوئے امداد مہیاء کریگا۔

6) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کیپیٹل میٹروپلیٹن کے منظور شدہ شیڈول ریٹ کے حساب سے وصول کرنے کا پابند ہوگا۔ اور کامیاب بولی دہندہ مقررہ شرح سے زیادہ فیس وصول نہیں کریگا اگر کامیاب بولی دہندہ وصول کردہ شیڈول ٹیکس سے زیادہ وصول کرے گا تو پالیسی کے مطابق وہ گیارہ گناہ جرمانے کا مرتکب ہوگا۔ اور مسلسل تین (۳) دفعہ خلاف ورزی کرنے پر کامیاب بولی دہندہ کے خلاف قانونی کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی جس میں ٹھیکہ کی منسوخ کر کے جمع شدہ زرضمانت پانچ (5%) بحق سرکار ضبط کر دی جائیگی۔

7) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس ٹرمینل کی صفائی کے لئے اپنا اہلکار مقرر کریگا جو روزانہ کی بنیاد پر صفائی کو یقینی بنائے گا اور عدم تعمیل کی صورت میں سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی گی جس کی تمام ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ پر عائد ہوگی۔

8) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس ٹرمینل میں کسی قسم کے شیڈ / اسٹینڈ تعمیر نہیں کریگا۔ اور ٹھیکہ کے اختتام پر کیپیٹل میٹرو پولیٹن گورنمنٹ، پشاور کو قبضہ حوالہ کیا جائے گا اور کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کا دعویٰ کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔

9) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس ٹرمینل میں عام عوام کی سہولت کے لئے انتظارگاہ، صاف پانی حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق مہیا کرے گا اور پانی بجلی وغیرہ کا ماہانہ بل کامیاب بولی دہندہ خود ادا کریگا۔ یعنی کامیاب بولی دہندہ پانی، بجلی وغیرہ اپنے خرچ پر میں مہیا کریگا۔ اور انتظامیہ کو اس کا ماہانہ بلز ادا کریگا۔

CamScanner

10) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو دوران ٹھیکہ کسی جلسہ یا مذہبی تہوار یا امن وعامہ وغیرہ کی صورت حال کے پیش نظر اگر جنرل بس ٹرمینل بند کرنا پڑا تو اس کی ذمہ داری محکمہ پر اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ محکمہ سے ہرجانہ طلب کریگا بلکہ باقاعدگی سے کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط خزانہ کیپیٹل میٹرو پولیٹن گورنمنٹ، پشاور، میں جمع کرنے کا پابند ہوگا

11) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس ٹرمینل میں ہر قسم بلز بجلی بل، پانی بل، گیس بل وغیرہ کی ادائیگی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ اور صفائی وغیرہ بھی کامیاب بولی دہندہ اپنے طور پر کریگا اور الیکٹرک کی تمام مصنوعات کی خرابی کی صورت میں رپیر / مرمت کی تمام تر ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ پر عائد ہوگی اور انتظامیہ کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کریگا۔

12) یہ کہ اگر دوران ٹھیکہ کامیاب بولی دہندہ کو کسی بھی قسم کا نقصان اٹھانا پڑا تو محکمہ ہذا اسکا ذمہ دار نہ ہوگا۔ اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کی معافی (Remission) کا مطالبہ کریگا اور نہ ہی کسی قسم کا دعویٰ (Claim) کرنے کا مجاز ہوگا۔

13) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی حالت میں ٹھیکہ کسی دوسرے شخص یا پارٹی کو سب لیٹ (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کامیاب بولی دہندہ کی نقصان (Risk & Cost) پر منسوخ کریا جائیگا۔

14) یہ کہ اگر دوران ٹھیکہ فریقین کے مابین کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو فریق دوئم جناب ریجنل میونسپل آفیسر، پشاور ریجن پشاور سے بطور ثالث رجوع کریگا اور ان کا فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا اور دوران تنازعہ فریق دوئم ٹھیکہ کے ماہانہ قسط باقاعدگی سے جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

15) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط وضوابط (Terms & Condtions) جاری کردہ انگریزی چھٹی نمبر AO-II/LCB/6-11/20226 تاریخ 07 مئی 2026ء کا پابند ہوگا۔ اور اقرار نامہ مابین عدم تعمیل کی صورت میں ٹھیکہ سوخت ومنسوخ تصور ہوگا۔ اور کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کی وصولی کا حقدار نہ ہوگا۔ اور ٹھیکہ کی حتمی منظوری کے بعد کسی قسم کی گفت وشنید نہ ہوگی۔

16) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بقایادار (Defaulter) ہونے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ اور ان دو (2) ضمانتی (جو مقامی رہائش پذیر ہے) جو کامیاب بولی دہندہ نے پیش کئے ہیں کی ذاتی جائیداد سے واجب الادا رقم بذریعہ لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت وصول کی جائے گی۔

17) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کے جتنے بھی پرائیویٹ اہلکار کام کریں گے ان کے تفصیل یعنی قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور تصاویر دفتر ہذا میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

18) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کہ یہ اختیار حاصل نہیں ہوگا کہ وہ اپنی طرف سے کیپیٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ (بس ٹرمینل)، پشاور کی حدود میں کوئی بھی بل بورڈ وغیرہ نصب کرے یا بخود (NOC) اجازت نامہ جاری کرے۔ NOC جاری کرنے کا اختیار صرف کیپیٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ بس ٹرمینل پشاور کو حاصل ہوگا۔

19) یہ کہ کامیاب بولی دہندہ نے کسی ایک شرط کی بھی خلاف ورزی کی تو ٹھیکہ کی جمع شدہ رقم بحق کیپیٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ، پشاور ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کردیا جائیگا اور ٹھیکہ بقایا عرصے کیلئے نیلام کیا جائیگا۔ اور ٹھیکہ بقایا عرصہ کیلئے نیلام کیا جائے گا اور خسارہ کی صورت میں خسارہ کامیاب بولی دہندہ سے یا اس کے جائیداد سے پورا کیا جائے گا۔

20) ٹھیکہ کے دوران جنرل بس ٹرمینل کسی اور جگہ منتقل ہونے کی صورت میں یہ ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کا عذر یا نقصان کیپیٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ سے وصول نہیں کرے گا اور اس بارے میں عدالتی یا قانونی چارہ جوئی نہیں کرے گا۔

شرائط پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ان کی پابندی کی جائے گی۔

رینٹ کلرک
جنرل بس ٹرمینل

اسسٹنٹ منیجر
جنرل بس ٹرمینل

منیجر
جنرل بس ٹرمینل

ڈپٹی ڈائریکٹر ٹرمینل
کیپیٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ پشاور